© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

اسلام میں صبر کا مقام — مولانا محمد اسجد قاسمی ندوی

ناشر: فرید بکڈپو، دریا گنج، نئی دہلی ۲، صفحات: ۲۱۶، اشاعت: ۲۰۰۵ء، قیمت ۷۵ر روپے

صبر قرآن وحدیث کی اہم اصطلاحات میں سے ہے۔ انبیائے کرام کی طرح اہلِ ایمان کو بھی صبر کا حکم دیا گیا ہے۔ صبر کے کیا معنی ہیں؟ اس کی کیا اہمیت ہے؟ قرآن اور احادیث میں اس کے کیا معانی بیان کیے گئے ہیں؟ صحابۂ کرام اور اسلافِ عظام صبر کے مطالبے کو کس طرح پورا کرتے تھے؟ صبر وشکر میں کس کی فضیلت زیادہ ہے؟ قرآن میں کن شخصیات کا امتیازی وصف ''صبر'' قرار دیا گیا ہے؟ صبر کن ذرائع سے حاصل ہوسکتا ہے، اور حصول صبر کے راستے کی کیا رکاوٹیں ہیں؟ زیرِ تبصرہ کتاب میں ان سوالات کا جواب دیا گیا ہے اور پندرہ ابواب میں کتاب کو تقسیم کرکے صبر کے ایک ایک پہلو کو پوری تفصیل کے ساتھ واضح کیا گیا ہے۔

یہ کتاب اپنے موضوع پر مواد اور مشتملات کے اعتبار سے کافی وشافی ہے۔ کہیں کہیں بعض مضامین کی تکرار پائی جاتی ہے۔ مصنف نے اس موضوع پر قدیم اور جدید بہت سے مراجع ومآخذ سے استفادہ کرکے یہ کتاب تیار کی ہے اور ہر جگہ ان کے حوالوں کا بھی اہتمام کیا ہے۔ (آخر میں مراجع کی فہرست دے دی جاتی تو بہتر تھا) انھوں نے ڈاکٹر یوسف القرضاوی کی کتاب ''الصبر فی القرآن الکریم'' سے خصوصی استفادہ کیا ہے۔ عناوین، مضامین اور مواد کا اکثر حصہ اسی کتاب سے ماخوذ و مستفاد ہے۔

موجودہ دور میں، جب کہ انسانوں کی زندگیاں مصائب و مشکلات اور تلخیوں سے لب ریز ہیں، یہ کتاب اردو خواں طبقہ کے لیے ایک حسین تحفہ ہے، جس کا ہر خاص و عام کو ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔ (محمد جرجیس کریمی)



© rasailojaraid.com